جیسا کہ نام سے ظاہر ہے تقریروں کا اصل موضوع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض وفات کے آغاز سے کر وفات تک کے تمام حالات کا بیان تھا لیکن تقریروں اور خصوصاً مواعظ میں یہ ہوتا ہی ہے کہ الشی بالشی یذکر کے مطابق نفس موضوع کے علاوہ اور مختلف چیزیں بھی سلسلہ کلام میں مذکور ہو جاتی ہیں چنانچہ ان تقریروں میں بھی اصلی موضوع کے علاوہ اور بہت سے مسائل مثلاً حضرت عیسیٰ کا بچپن میں ہی نبی ہونا، عالم آخرت میں اعمال کی شکل، انکار حدیث، موت کا فلسفہ، دنیا کی تباہ شدہ قومیں، موجودہ تہذیب کی منزل مقصود وغیرہ زیر بحث آ گئے ہیں۔ بہرحال روایات مستند اور زبان موثر ہے اس کے مطالعہ سے سیرت نبویؐ کے مختلف گوشوں اور اسلامی عقائد و اعمال کے متعدد پہلوؤں کی نسبت صحیح معلومات حاصل ہوں گی۔

شیطان | مترجمہ حکیم حبیب اشعر صاحب دہلوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ رپتہ:۔ رائل ایجوکیشنل بک ڈپو دہلی۔

جبران خلیل جبران عربی زبان کا مشہور اور صاحب طرز ادیب ہے، اس کی بعض کتابوں کے اردو تراجم لاہور اور دہلی سے شائع ہو چکے ہیں۔ اس لیے اردو خواں طبقہ کے لیے یہ نام نامانوس نہ ہونا چاہیے۔ یہ کتاب موصوف کے ہی دس دلچسپ اور پرلطف افسانوں کا مجموعہ ہے۔ حکیم اشعر صاحب جبران کے کامیاب اردو مترجم کی حیثیت سے اب مزید تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ اُن کے اس تازہ ادبی کارنامہ میں بھی اُن کے ترجمہ کی خصوصیات یعنی زور بیان، شگفتہ زبان اور اصل کا سا کیف و اثر یہ سب موجود ہیں۔ امید ہے افسانوی ادب کا ذوق رکھنے والے حضرات اس کو دلچسپی سے پڑھیں گے "شیطان" "ریحانہ" اور "خاکستر" یہ تین افسانے زبان کے علاوہ ٹکنک کے لحاظ سے بھی خاصے بلند ہیں۔

نثر ریاض خیرآبادی | مرتبہ عقیل احمد صاحب جعفری۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۱۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت ۶؍ رپتہ:۔ نفیس اکیڈمی حیدرآباد۔ دکن۔

حضرت ریاض خیرآبادی مرحوم جس طرح اردو کے صاحب طرز اور ماہر فن شاعر تھے نثر میں بھی اپنا ایک خاص انداز رکھتے تھے۔ محاورہ بندی، شوخ نگاری، نزاکت خیال اور شستگی بیان اُن کے شعر کی خصوصیات ہیں۔ نثر میں بھی اُن کا یہ رنگ صاف جھلکتا ہے۔ یہ کتاب مرحوم کے مختلف چھوٹے چھوٹے مضامین اور خطوط کا مجموعہ ہے جن میں بعض پرائیویٹ حالات بھی ہیں اور ادبی نکات و تنقیدات بھی۔ اس کا مطالعہ ادبی لحاظ سے مفید بھی ہوگا اور دلچسپ بھی۔